کیا توقع کریں: علم تشخیص امراض برائے گفتگو-زبان [اسپیچ لینگویج پیتھالوجی (SLP)]



گفتگو، زبان، اور بات چیت کے علوم کے شعبے میں گفتگو، زبان، گفتگو کی مہارت، اور بولنے اور نگلنے کے لیے درکار حرکات سے متعلق بول چال کے مسائل کو سمجھنا، تشخیص کرنا اور ان کا علاج کرنا شامل ہے۔

آٹسٹک (ماحولیاتی وابستگی سے بے نیاز) افراد کے لیے علم تشخیص امراض برائے گفتگو- زبان [اسپیچ لینگویج پیتھالوجی] کی خدمات مدد کر سکتی ہیں:

- گفتگو کی آوازوں کو واضح کرنا اور سمجھ کو بہتر بنانا۔
- زبان کی مہارتوں کی تعمیر جیسے الفاظ اور تصورات کی سمجھ (فہم) اور استعمال (اظہار)۔
- اشیاء کی درخواست کرنے، موضوعات پر تبصرہ کرنے، سوالات کا جواب دینے اور پوچھنے، بات چیت کرنے، اور میل جول کے لیے بات چیت کی مہارتوں میں اضافہ۔
- بات چیت کا افزوں کار اور متبادل نظام [آگمینٹیٹو اینڈ آلٹرنیٹو کمیونیکیشن سسٹم (AAC)] کی تعلیم دینا جیسے کہ تصویری تبادلہ سے بات چیت کا نظام [پکچر ایکسچینج کمیونیکیشن سسٹم (PECS)] یا گفتگو شروع کرنے کا آلۂ [اسپیچ جنریٹنگ ڈیوائس (SGD)] جو کہ عام طور پر ایک برقیاتی آلۂ/ٹیبلٹ ہوتا ہے جس میں گفتگو کی ایپ ہوتی ہے تاکہ بڑھتے ہوئے سماجی میل جول کے لیے برجستہ اور آزادانہ طور پر بات چیت کو بڑھایا جا سکے۔
- معنی کے ساتھ پڑھنے اور خیالات کے اظہار کے لیے تحریری زبان استعمال کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔
- اشاروں، چہرے کے تاثرات، اور دیگر غیر زبانی بات چیت کے استعمال سے مطمئن ہونا۔
- آواز کے معیار کو بہتر بنانا، جو کہ بولے گئے پیغام کی 'آواز' ہے اور اس میں وضاحت، حد، لہجہ، رفتار اور گونج شامل ہے۔
- کھانے کی عادات کو بہتر بنانا۔



علم تشخیص امراض براۓ گفتگو- زبان [اسپیچ لینگویج پیتھالوجی (SLP)] مختلف طبی، تعلیمی، اور علاقائی ترتیبات میں کام کرتے ہیں، بشمول اسکول، ہسپتال، علاج کے مراکز، طویل مدتی نگہداشت کی جگہیں، اور نجی انتظامات میں۔

گفتگو اور زبان کی خدمات کیسے کام کرتی ہیں؟

1. سب سے پہلے، کسی فرد کے نقطۂ آغاز (یعنی، بنیادی حد) کا تعین کرنے کے لیے ایک تشخیص مکمل کی جاتی ہے۔
2. پھر، علم تشخیص امراض براۓ گفتگو- زبان [اسپیچ لینگویج پیتھالوجی (SLP)] بامعنی اہداف طے کرنے کے لیے افراد اور گھرانوں کے ساتھ کام کرتا ہے۔
3. اس کے بعد، ایک مداخلتی منصوبہ تیار اور نافذ العمل کیا جاتا ہے۔
4. معلومات کا جائزہ، تشخیص، اور دوبارہ جانچ کا ایک عمل جاری رہتا ہے اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ آیا اہداف اور منصوبہ کام کر رہے ہیں یا اسے ترتیب دینے کی ضرورت ہے۔



آٹسٹک (ماحولیاتی وابستگی سے بے نیاز) افراد کے ساتھ کام کرتے وقت، علم تشخیص امراض براۓ گفتگو - زبان [اسپیچ لینگویج پیتھالوجی (SLP)] اپنے سیشنز میں مختلف طریقۂ کار کا استعمال کریں گے جو مداخلت کی بہت سی دوسری اقسام میں عام ہیں۔ علاج ایک سیشن سے دوسرے سیشن میں مختلف نظر آتا ہے، اور علم تشخیص امراض براۓ گفتگو - زبان [اسپیچ لینگویج پیتھالوجی (SLP)] اکثر سیشن کے اندر ایک یا ایک سے زیادہ طریقے استعمال کرے گا۔

ہم کیسے جانتے ہیں کہ گفتگو اور زبان کا علاج کام کرتا ہے؟

علم تشخیص امراض براۓ گفتگو - زبان [اسپیچ لینگویج پیتھالوجی (SLP)] اپنی خدمات میں ثبوت پر مبنی طریقۂ کار کے ذریعے کام کرتے ہیں، جس میں ہر سیشن کے دوران لی گئی معلومات کو اکٹھا کرنا اور ان کا تجزیہ کرنا شامل ہے۔ معلومات کی جانچ سے گھرانوں کے ساتھ پیش رفت کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جاتا ہے؛ اس سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ فرد اپنے اہداف میں پیشرفت کر رہا ہے اور ضرورت پڑنے پر اس میں ترمیم کی جا سکتی ہے۔ گفتگو اور زبان کی خدمات سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے لیے، یہ ضروری ہے کہ آٹسٹک (ماحولیاتی وابستگی سے بے نیاز) افراد اور ان کے اہل خانہ سوالات کریں، خود ترغیب دیں، اور اس میں شامل ہوں۔ اس سے سیکھنے کے تجربے کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی جس سے انہیں بہترین فائدہ ہوگا۔



- آنٹیریو میں، علم تشخیص امراض براۓ گفتگو - زبان [اسپیچ لینگویج پیتھالوجی (SLP)] باضابطہ صحت کی نگہداشت کے فراہم کنندہگان [ریگولیٹڈ ہیلتھ کیئر پرووائیڈرز (RHPs)] ہیں اور ان کی نگرانی کالج آف آڈیولوجسٹ اینڈ اسپیچ لینگویج پیتھالوجسٹ آف آنٹیریو (CASLPO) کرتا ہے۔

- فراہم کنندہ کا انتخاب کرتے وقت، یہ جاننا ضروری ہے کہ علم تشخیص امراض براۓ گفتگو - زبان [اسپیچ لینگویج پیتھالوجی (SLP)] کا فراہم کنندہ کالج آف آڈیولوجسٹ اینڈ اسپیچ لینگویج پیتھالوجسٹ آف آنٹیریو (CASLPO) کے ساتھ رجسٹرڈ ہے اور آنٹیریو میں پریکٹس کرنے کا اہل ہے۔

- علم تشخیص امراض براۓ گفتگو – زبان کے معالج [اسپیچ لینگویج پیتھالوجسٹ (SLP)] کو گفتگو- زبان کے معاون [اسپیچ لینگویج اسسٹنٹ (SLA)] یا گفتگو میں بے ترتیبی کے لیے معاون [کمیونیکیٹیو ڈس آرڈر اسسٹنٹ (CDA)] کو سونپی گئی گفتگو اور زبان کی خدمات کی باقاعدگی سے نگرانی اور رہنمائی کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ وہ تمام علاج اور نتائج کے ذمہ دار ہیں۔

آٹزم آنٹیریو کے پاس تصدیق شدہ فراہم کنندگان کی ایک فہرست ہے جسے آنٹیریو آٹزم پروگرام **(OAP)** کے فراہم کنندگان کی فہرست کہا جاتا ہے تاکہ آپ کو گفتگو-زبان کا معالج تلاش کرنے میں مدد ملے جو آپ اور آپ کے گھرانے کی مدد کر سکے۔ یہ گفتگو - زبان کے معالجین **[**اسپیچ لینگویج پیتھالوجسٹ **(SLP)]** کالج کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں اور انہیں آٹسٹک **(**ماحولیاتی وابستگی سے بے نیاز**)** افراد کے ساتھ کام کرنے کا کچھ تجربہ ہے۔ آٹزم کمیونٹی کی مزید معلومات،

وسائل اور خدمات کے لیے، براہ کرم **autismontario.com** ملاحظہ کریں۔